وزیر قانون: سر! اس پہ دیکھیں کیونکہ Minister concerned جو ہیں، وہ اس کو Resist کر رہے ہیں تو میرے خیال میں چیئر کے پاس جو Way out ہے، وہ یہ ہے، آنریبل ممبر اس پہ Insist کر رہے ہیں، یا تو یہ ہے کہ آپ ان کو اپنے چیمبر میں بلالیں اور تب تک اس کو پینڈنگ رکھ لیں تاکہ ان کی بھی تسلی ہو جائے اور اگر ان کی تسلی نہ ہوئی تو پھر یہ فورم کھلا ہے، اس کے بعد اس کو بھیج سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: ہاؤس کیلئے میں، ابھی آپ کا کیا، فائنل بات کریں تاکہ اس کے مطابق۔۔۔۔

جناب زرین گل: ښکلی چې لاء منسټر اووئیل ستاسو په چیمبر کښې به زه او منسټر صاحب کښېنو او هلته به خبره وکړو۔

جناب سپیکر: Okay، بہر حال آپ نے اچھا کیا ہے، آپ نے بہت محنت کی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ ہمارے اور بھی ایم پی ایز صاحبان اس قسم کی محنت کریں تو بہت ایشوز جو ہیں نا، اس پر کافی کام ہو جائے گا۔ کوئسچن نمبر 264، مولانا مفتی سید جانان صاحب۔

* 264 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے حکومت کے ساتھ رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز کے علاوہ کثیر تعداد میں غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ ڈیلرز بھی سرگرم عمل ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت کے ساتھ رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز کے نام، پتہ کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے، نیز غیر قانونی کام کرنے والے پراپرٹی ڈیلرز کے نام اور ان کے خلاف کئے گئے اقدامات کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

میاں جمشید الدین (مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن): (الف): محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دفتری ریکارڈ کے مطابق کوئی غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز موجود اور سرگرام عمل نہیں ہیں۔

(ب) اگرچہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دفتری ریکارڈ کے مطابق (الف) کا جواب نفی میں ہے، تاہم پھر بھی محکمہ کے صوبہ بھر میں ضلعی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے فاتر سے جو ریکارڈ محصول ہوا ہے، اس کے مطابق ہر ضلع میں رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز کی تعداد درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ضلع کا نام	پراپرٹی ڈیلرز	نمبر شمار	ضلع کا نام	پراپرٹی ڈیلرز
1	پشاور	1980	14	لوئیر دیر	28
2	نوشہرہ	50	15	بونیر	کوئی نہیں
3	کوہاٹ	65	16	شانگلہ	کوئی نہیں
4	ہنگو	کوئی نہیں	17	ملاکنڈ	01
5	ڈی آئی خان	46	18	چترال	کوئی نہیں
6	بنوں	44	19	اپر دیر	کوئی نہیں
7	ٹانک	کوئی نہیں	20	ہری پور	215
8	لکی مروت	کوئی نہیں	21	ایبٹ آباد	235
9	کرک	کوئی نہیں	22	مانسہرہ	220
10	مردان	482	23	بٹگرام	04
11	صوابی	233	24	کوہستان	کوئی نہیں
12	چارسدہ	155	25	تورغر	کوئی نہیں
13	سوات	14	26		

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زه جی، که تاسو دا سوال ته وګورئ کنه، دا (ب) جز کښې ما غوښتنې دی: "اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت کے ساتھ رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلر کے نام، پتے کی تفصیل ضلع وائز فراہم کیا جائے؟" او بل جی یو خو دا ټول مطلب دا دے صرف دا لیکلی دی چې په فلانئ ضلع کښې دومره دی او په فلانئ

ضلع کښې دومره دی، نومونه نشته دے، د يوې پراپرټۍ نوم هم نشته دے او صرف ليکلی ئے دی چې دغه ضلع کښې دومره دی او دغه کښې دومره دی او بل جی که تاسو وګورئ دا چار نمبر باندې هنګو دے، دوئ جواب، *پراپرٹی کی تعداد،* دا لاندې ئے ليکلی دی چار نمبر کښې چې *'نہیں ہے'* ما ته پخپله باندې ذاتی طور باندې زه جی درې څلور کسان داسې پيژنم چې هغوی د زمکو کار کوی، هلته کښې شته دے او پيښور کښې به هم مطلب دا دے ډيرو ځايونو کښې وی نو زه به دا ګزارش کوم چې دا سوال چې کومې محکمې راستولے دے، دا ئے د غلط بيانئ نه کار اخستے دے او که منسټر صاحب دا يقين دهانی ما ته کوی چې آئنده د پاره به داسې نه کيږی، محکمه به صحيح جواب ورکوی، زه به مطلب دا دے بيا دې سوال نه Withdraw کيږم ګنی نه به Withdraw کيږم۔

<u>*جناب سپیکر:*</u> *جمشید صاحب۔*

<u>*مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن:*</u> دا ما خپله ديکښې دا دغه راواوغوښتو، واقعی چې ديکښې محکمې لږه کمزوری کړې ده چې هغه پوره ډيټيل، او ديکښې دا دی چې کوم ځائے کښې *"نہیں ہے"،* نو هلته کښې پراپرټی ډيلر ډير شته دے خو پټ دی۔ د چا بورډ نشته، سائن بورډ نشته، نو مولانا صاحب ته زه پوره يقين دهانی ورکوم چې دوئ د مونږ ته پوائنټ آؤټ کړی، مونږ به د هغوی خلاف کارروائی هم وکړو او هغوی به رجسټرډ کړو۔

<u>*جناب سپیکر:*</u> يو خو تاسو چې کومه خبره وکړه چې ستاسو Concerned department کښې چې کومه غلطی ده چې کم ازکم د هغې جواب طلبی وشی چې دلته اسمبلئ ته کوم جواب راځی نو چې هغه بالکل ټهيک ټهاک صحيح جواب وی۔

<u>*مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن:*</u> بالکل جی، دا زه منم، د مولانا صاحب دغه زه منم جی۔

<u>*جناب سپیکر:*</u> *مولانا صاحب۔*

<u>*مفتی سید جانان:*</u> زه مطمئن يم جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Okay. Question No. 332, Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib.

* 332 _ سرداراورنگزیب نلوٹھا: کیاوزیرمال ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف)ضلع ایبٹ آباد میں محکمہ مال میں کمپیوٹرائزڈبندوبست شروع ہوچکاہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوPK-47اورPK-48کی جن جن یونین کونسلوں میں کام شروع/مکمل ہوگیاہے،کی تفصیل،نیزبقایاکام کی نوعیت کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین گنڈاپور(وزیرمال): (الف) بندوبست اورکمپیوٹرائزیشن دومختلف کام ہیں،دونوں کام ضلع ایبٹ آبادمیں شروع ہوچکے ہیں۔

(ب): کمپوٹرائزیشن کے کام کی ابتداء تحصیل ایبٹ آبادمیں Scanningکے ذریعہ شروع کی گئی ہے۔ Scanningمکمل ہوجانے پرڈیٹاانٹری شروع کی جائیگی۔

تحصیل حویلیاں میں ٹوٹل 13یونین کونسلزہیں جن میں 9یونین کونسلزPK-47میں ہیں جبکہ چاریونین کونسلPK-48میں ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ جھنگڑا 2۔ حویلیاں اربن 3۔لنگرہ 4۔بانڈی عطائی خان

5۔گڑھی پھلگراں 6۔دیوال منال 7۔ناڑا 8۔مجوہاں 9۔لنگڑیال

10۔پھلہ 11۔لورہ 12۔گورینی 13۔نگری ٹوٹیال

تحصیل حویلیاں میں کل104مواضعات ہیں جن میں ذیل کام شروع کئے گئے ہیں:

تحریک کھتونی مکمل: 97مواضعات۔

تحریک کھتونی جاری: 7مواضعات۔

تحریرچھٹہ شجرہ نسب مکمل: 85مواضعات۔

تحریرچھٹہ شجرہ نسب جاری: 19 مواضعات۔

پیمائش موقع کیلئے تیار مواضعات48ہیں۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: شکریہ،جناب سپیکر صاحب۔جواب توانہوں نے میرے کوئسچن کا دیدیاہے اور میں ایک ضمنی کوئسچن منسٹر صاحب سے کرناچاہتاہوں،اگروہ ہیں،ابھی تو وہ بیٹھے ہوئے تھے اور جب ان کا کوئسچن آیاتومیراخیال ہے اسمبلی ہال سے باہر نکل گئے ہیں۔

جناب سپیکر: Concerned اس کا جواب دیدیں گے آپ کو۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی؟

جناب سپیکر: آپ کوئسچن Put کریں، یوسف ایوب صاحب آپ کو Response دے دیگا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ابھی منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے تھے جی، اسمبلی سے باہر نکل گئے ہیں، پتہ نہیں، جب کوئسچن میرا آیا ہے ان سے متعلق، ان کے محکمے سے متعلق تو یہ بڑی عجیب بات ہے۔

اراکین: آگئے، آگئے۔

جناب سپیکر: آگئے جی، آگئے، چلو۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: آگئے ہیں، کہیں خفانہ ہوگئے ہوں جی۔ (قہقہہ)

(تالیاں)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: خیر ہے منسٹر صاحب! اگر آپ نہ بھی آتے تو پارلیمانی سیکرٹری صاحب جواب دیتے لیکن میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اچھا جی، میرا کوئسچن یہ ہے، ضمنی کوئسچن جو ہے سپیکر صاحب! (قہقہہ) انہوں نے سوال کا جواب تو، جو میں نے پوچھا تھا، تفصیل سے دیا ہے لیکن اس میں یہ ہے کہ ایک تو بڑی سست روی سے کمپیوٹرائزڈ سسٹم پر کام جاری ہے، غالباً دو ڈھائی سال ہوگئے ہیں اور اگر اسی طرح کام جاری رہا تو اس کے اوپر مزید چار پانچ سال اور بھی لگ سکتے ہیں۔ جو تحصیل حویلیاں میں انہوں نے کام شروع کیا ہے جو انہوں نے تحصیل کے حوالے سے حلقہ وائز تفصیل دی ہے، وہ ایک میرے حلقے کی یونین کونسل کو سردار ادریس صاحب کے حلقے میں ڈال دیا ہے، خیر ہے کوئی بات نہیں، تو اس میں میرا ضمنی کوئسچن منسٹر صاحب! آپ سے یہ ہے، میں نے پہلے اجلاس میں بھی آپ سے ایک بات کی تھی، یہاں اسی ہاؤس میں کہ نگران حکومت کے دوران کچھ لوگوں کو جلیب کش اور ان کو ان پوسٹوں پر بھرتی کیا گیا تھا، ایک سے لیکر چار تک جو کلاس فور وہاں پر بھرتی کئے گئے ہیں، ان میں 70 فیصد کا تعلق ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد سے نہیں ہے تو قانونی طور پر بھی کلاس فور اسی ڈسٹرکٹ سے، چاہے وہ میرے حلقے سے ہو یا نہ ہو، کسی اور حلقے سے ہو لیکن ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد سے بھرتی ہونا چاہیئے۔ آپ نے کہا تھا کہ میں اس کے اوپر ایکشن لوں گا اور جو لوگ ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد سے باہر سے رکھے گئے ہیں، ان کو میں فارغ کروں گا لیکن ابھی تک وہ لوگ جوں کے

توں انہی اپنی پوسٹوں پر کام کر رہے ہیں۔ تو مہربانی کر کے ذرا اس کی وضاحت کریں کہ آیا یہ آپ انصاف کے تقاضے پورے کریں گے جو ناانصافی میرے حلقے کے لوگوں کے ساتھ ہوئی ہے؟

جناب سپیکر: علی امین گنڈاپور صاحب۔

جناب علی امین گنڈاپور (وزیر مال): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جو ہمارے معزز رکن ہیں، اس نے پہلا جو کوسچن کیا ہے، اس کے حوالے سے، کمپیوٹرائزیشن کے حوالے سے پہلے جو کام ہو رہا تھا یہاں پر، ہمارے صوبے میں، تو بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ ایسے برائے نام تھا اور اس میں جو چیز Follow بھی ہو رہی تھی، وہ اگر ہو بھی جاتی تو کوئی فائدہ نہیں تھا۔ ان شاء اللہ ہم نے بڑی محنت کی ہے اس کے اوپر، بڑا کام کر رہے ہیں، ہماری پارٹی کا سب سے پہلا ایجنڈا یہی تھا کہ ہم اس کو کمپیوٹرائز کریں گے، اس میں ہم نے تین مہینوں میں کافی ماشاء اللہ کام کر بھی لیا ہے اور آپ یقین رکھیں کہ جو جگہیں رہ گئی ہیں، ان کا Settlement بھی جلدی ہو جائے گا کیونکہ کمپیوٹرائز ہونے سے پہلے Settlement کرنا ضروری ہے ان کا، تو آپ یقین رکھیں کہ اس میں ان شاء اللہ جلد از جلد کام ہو رہا ہے اس کے اوپر اور ان شاء اللہ کوئی کمی اور غلطی بھی نہیں آنی چاہیئے، اس لئے تھوڑا ٹائم بھی لے گا، اس کے اندر تو ہم نے تین سے چار سال کا ان شاء اللہ پلان بنایا ہے، اس میں ہم پورا صوبہ ان شاء اللہ کمپیوٹرائز کر دیں گے اور جی آئی ایس کے اوپر۔ اور دوسری جو بات ہے، جہاں تک آپ نے سوال کیا ہے بھرتیوں کے حوالے سے، تو آپ سب ماشاء اللہ مینڈیٹ لیکر آئے ہوئے ہیں، جو بھرتیاں اس زمانے میں ہوئیں، ان کیلئے جواب دہ تو مجھے محکمے کی طرف سے ہونا پڑتا ہے کھڑے ہو کر لیکن نہ تو میں اس وقت موجود تھا اور نہ ہی جو سسٹم وہاں پر چلا ہے، میں اسکو یہ کہتا ہوں کہ وہ ٹھیک ہو گا یا نہیں ہو گا لیکن اس میں آپ نے جس طرح کہا، ان شاءاللہ میں نے مکمل طور پر انکوائری بیٹھا دی ہے، انکوائری کمیٹی اس پر بن چکی ہے، ان شاءاللہ اس پر کام کر رہی ہے اور آپ ان شاءاللہ تسلی رکھیں اس چیز کی کہ اگر اس وقت انہوں نے ڈومیسائل کی یہ شرط رکھی تھی کہ ڈومیسائل وہیں کا ہونا چاہیئے اور اس کے بعد انہوں نے ایسا کیا ہے تو یہ شکایت بہت سی محکموں میں آ رہی ہے ہمیں، مختلف محکموں میں اور جگہوں پر ایسا ہوا ہے لیکن میرا وعدہ ہے آپ سے ان شاءاللہ کہ محکمہ مال کے اندر اس وقت بھرتی میں اگر یہ شرط تھی

کہ ڈومیسائل اس جگہ کا ہونا چاہیئے توان شااللہ میں نکال دونگاان کو، فارغ کرنے میں میں بڑااچھاہوں ان شااللہ تعالٰی۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر340،جناب سرداراورنگزیب نلوٹھاصاحب۔

* 340 _ سرداراورنگزیب نلوٹھا: کیاوزیرماحولیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ آلودگی میں دن بدن اضافہ ہورہاہے جس کی وجہ سے کئی قسم کی بیماریاں جنم لے رہی ہیں;

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوسال 13-2014کے دوران ماحولیاتی آلودگی پر قابوپانے کیلئے کئے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

الحاج ابرارحسین(وزیرماحولیات): (الف) ہاں۔

(ب) پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 1997کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات کے فرائض:

a) ماحولیاتی اثرات کا جائزہ Environmental impact Assessment (EIA) ابتدائی ماحولیاتی چھان بین Initial Environmental Examination(IEE) پر نظرثانی کرنا،طریقہ کاروضع کرنااورراہنمائی کرنا،(دفعہ 12)

b) صنعتوں،شہری آبادیوں اور گاڑیوں سے مائع گیس کی صورت میں اخراج کیلئے قومی ماحولیاتی معیار National Environmental Quality Standards (NEQS)کی تیاری،نظرثانی اوراسکو لاگوکرنا،(دفعہ 14)۔

c) گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں کی نگرانی(دفعہ 15) اب محکمہ ٹرانسپورٹ کومنتقل ہوچکاہے۔

d) ماحولیاتی آلودگی ختم کرنے کے لئے سروے،دیکھ بھال اور جانچ پڑتال کے لئے ایک نظام وضع کرنااور سالانہ ماحولیاتی رپورٹ شائع کرنا۔

e) عوام کوماحولیاتی آلودگی کے سلسلے میں تعلیم اور معلومات فراہم کرنا۔

سال 13-2014کے دوران ادارہ تحفظ ماحولیات کی طرف سے ماحولیاتی آلودگی پر قابوپانے کیلئے کئے گئے اقدامات:

عرض یہ ہے کہ سال 2014-13 کے سال میں ابھی دو مہینے ہوئے ہیں اور اب تک سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت فنڈز بھی مہیا نہیں ہوئے ہیں، تاہم پچھلے سال کے دوران ادارہ کی طرف سے کئے گئے اقدامات کے تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ صنعتوں کی نگرانی پاکستان ماحولیاتی ایکٹ 1997 کے سیکشن 11 کو لاگو کرنے کیلئے باقاعدگی سے کی جاتی ہے اور سیکشن 16 کے تحت اس سیکشن کی خلاف ورزی کرنے والوں کو نوٹس اور ماحولیاتی تحفظ حکم (Environmental Protection Orders) جاری کئے جاتے ہیں، اس پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے کیسز تیار کر کے ماحولیاتی عدالت میں بھیجے جاتے ہیں۔ اب تک ماحولیاتی عدالت میں 670 کیسز داخل کئے جا چکے ہیں جن میں 530 کیسز کا فیصلہ ہو چکا ہے۔

2۔ فضائی آلودگی کی نگرانی کیلئے ادارہ تحفظ ماحولیات کی چھت پر مسلسل فضائی ماحول کی نگرانی کا اسٹیشن قائم کیا گیا ہے جو کہ 24 گھنٹے نگرانی کرتا ہے اور اس سٹیشن سے حاصل شدہ معلومات کو روزانہ خبر نامہ کے دوران عوام کی آگاہی کیلئے نشر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح پشاور میں دو مقامات پر ڈیجیٹل ڈسپلے بورڈ لگائے گئے ہیں اور مندرجہ بالا سٹیشن سے حاصل شدہ معلومات کو انہی ڈیجیٹل ڈسپلے بورڈ کے ذریعے عوام تک پہنچایا جاتا ہے۔

3۔ صنعتوں کی باقاعدہ نگرانی کے دوران پشاور، مردان اور نوشہرہ کے 60 بھٹہ خشت کا معائنہ کیا گیا، 40 بھٹہ خشت کے خلاف قانونی کاروائی کے سلسلے میں ماحولیاتی تحفظ حکم جاری کئے گئے۔

4۔ صوبائی حکومت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات ایک جدید آلات سے مزین لیبارٹری قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس میں ماحولیات سے متعلق ٹیسٹ کئے جائیں گے اور عوام کو بھی پانی کے معیار اور پانی سے لگنے والی بیماریوں میں کمی سے متعلق آگاہ کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں محکمہ ماحولیات کی طرف سے فشریز سنٹر شیر آباد پشاور میں زمین مہیا کی گئی ہے، عمارت کی تعمیر 90% مکمل ہو چکی ہے۔

5۔ صوبائی حکومت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات نے اپنے علاقائی دفاتر واقع ڈی آئی خان، مینگورہ اور ایبٹ آباد کی استعداد کار میں اضافہ کیلئے موبائل لیبارٹری اور دھواں ناپنے کیلئے جدید آلات فراہم کئے تاکہ ان علاقوں میں واقع کارخانوں، بھٹہ خشت اور وہاں پینے کے پانی کی نگرانی کر سکے اب تک 150 پینے کے پانی کے نمونے اور پانچ ماربل فیکٹریز سے نکلنے والے فاضل مائع کے نمونے حاصل کئے

گئے۔اس کے علاوہ 31 ہسپتالوں کے فاضل مواد کا تجزیہ کیا گیا،مزید ڈی آئی خان کے چاروں شوگر ملز کی چمنیوں سے نکلنے والے دھوئیں کا تجزیہ کیا گیا۔

5۔صوبائی حکومت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات نے گھروں اور ریسٹورنٹ کے کچن سے نکلنے والے دھوئیں کے تجزیہ کیلئے ایک پروگرام شروع کیا اور اب تک سوات سے 25 اور پشاور سے 50 نمونے لیے گئے۔

6۔بونیر میں واقع ماربل فیکٹریز سے نکلنے والے فاضل مادہ کو کارآمد بنانے کیلئے تجرباتی بنیاد پر ایک منصوبے کے تحت چند کارخانوں کو فاضل مادہ سے تعمیراتی بلاک بنانے کیلئے مشینیں، سیمنٹ اور ریت مہیا کئے گئے۔

7۔پاکستان ماحولیاتی ایکٹ 1997 کے سیکشن 12 اور IEE/EIA Regulations-2000 کے تحت تمام ترقیاتی اور غیر ترقیاتی منصوبوں کیلئے ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) اور ابتدائی ماحولیاتی چھان بین (IEE) کے متعلق رپورٹس ادارہ تحفظ ماحولیات میں منظوری کیلئے جمع کی جاتی ہیں۔ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) رپورٹس کی نظرثانی کا عمل حکومت کیلئے آمدنی کا ایک ذریعہ ہے اور اس عمل کے ذریعے عوامی صلاح مشورہ سے منصوبے کے منفی اثرات کی تلافی کی جاتی ہے۔ادارہ تحفظ ماحولیات نے سال 2013-14 کے دوران اب تک 10 ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) اور 23 ابتدائی ماحولیاتی چھان بین (IEE) کی نظرثانی کی ہے۔

عوام میں ماحولیاتی آگاہی پروگرام کے تحت مندرجہ ذیل اقدامات کئے گئے ہیں:

(i) چھاپ شدہ کاغذی مواد، مثلاً پوسٹرز، لیف لٹ، بیجز، ماحولیاتی کتابچے اور کلینڈرز تیار کئے گئے اور عوام میں تقسیم کئے گئے۔

(ii) چار ماحولیاتی اساتذہ (دو مرد اور دو خواتین) مختلف تعلیمی اداروں کے دورے کرتے ہیں اور وہاں ماحولیاتی مسائل کے تدارک کیلئے لیکچر دیتے ہیں اور ماحولیاتی کلب بناتے ہیں۔

(iii) اب تک پشاور میں 32 جبکہ ڈی آئی خان، چارسدہ، صوابی، مردان، کوہاٹ، سوات، ایبٹ آباد، اضلاع میں پانچ پانچ کلب بنائے جا چکے ہیں۔

(iv) فائبر گلاس سے بنے ڈسٹبن اور مختلف اقسام کے پودے نوشہرہ، چارسدہ، ڈی آئی خان، صوابی، سوات اور ایبٹ آباد اضلاع کے سکولوں میں قائم شدہ ماحولیاتی کلب میں تقسیم کئے گئے۔

(v) عالمی ماحولیاتی دن، عالمی یوم ارض اور عالمی دن برائے بائیوڈائیورسٹی باقاعدگی سے منائے جاتے ہیں۔ ہر سال ماحولیاتی مسائل پر دو ورکشاپ منعقد کئے جاتے ہیں۔

سیمینار

(1) حیات آباد میں کوڑے کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کیا گیا اور پشاور یونیورسٹی میں قومی ماحولیاتی تغیراتی پالیسی کے موضوع پر ورکشاپ منعقد کی گئی۔

(2) عالمی ماحولیاتی دن، عالمی یوم ارض اور عالمی دن برائے بائیوڈائیورسٹی باقاعدگی سے منائے جاتے ہیں، ہر سال ماحولیاتی مسائل پر دو ورکشاپ منعقد کئے جاتے ہیں۔

(3) خیبر پختونخوا کی ماحولیاتی معلومات کے متعلق ورکشاپ۔

(4) خیبر پختونخوا میں تلف پذیر پلاسٹک بیگز کو متعارف کرنا۔

(5) اندرونی ہوائی آلودگی کے متعلق ورکشاپ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: محکمے نے بڑی تفصیل سے میرے کوئسچن کا جواب دیا ہے جی، میں بالکل اس جواب سے مطمئن ہوں اور چونکہ منسٹر صاحب کا تعلق بھی ہزارہ ڈویژن سے ہے، (مداخلت) ہں؟ ہزارہ ڈویژن سے تو انہوں نے یہ جو اسی میں کہا ہے جی کہ ___ میں مطمئن ہوں، ذرا ایک بات جو میں نے کرنی ہے -----

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! کوئی نظر میں فرق آگیا؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: (قہقہہ) یہ جو منسٹر صاحب نے اپنا جی سیمینار-----

جناب سپیکر: پھر کرلیں گے جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جو صوبے کے دوسرے حصوں میں سیمینار اور ورکشاپ حیات آباد میں اور دوسری جگہوں پر انہوں نے قائم کئے ہیں ماحولیاتی الودگی کیلئے، تو میں نے یہ بات اس لئے کی تھی کہ منسٹر صاحب کا ہزارہ سے تعلق ہے تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہزارہ میں بھی آپ کوئی اس طرح کا

ورکشاپ ایبٹ آباد میں، ہری پور میں یا بٹگرام کوہستان میں منعقد کروانے کا کوئی آپ کرتے ہیں، ارادہ رکھتے ہیں یا نہیں رکھتے ہیں؟ ہونا چاہیئے یا نہیں ہونا چاہیئے، ہزارہ میں بھی آلودگی تو ہے۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب صاحبہ۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

محترمہ آمنہ سردار: جناب سپیکر! میں ایک بات اس سے Related کرنا چاہونگی سر کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس سے Related ہے؟

محترمہ آمنہ سردار: اس سے Related ہے۔

جناب سپیکر: اچھا۔ جعفر شاہ صاحب۔ جعفر شاہ صاحب بات کرلیں گے، میڈم! آپ اس کے بعد جواب دیں گی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ اس میں Last Session میں بھی یہ پوائنٹ Raise ہوا تھا، Environmental Protection Agency کے نام سے ایک ادارہ پچھلے دور میں قائم کیا گیا تھا اور ان کے کنٹریکٹ ایمپلائز، اس کا سیکرٹریٹ قائم ہوا تھا، چار اضلاع میں یہ کام کرتا تھا، پھر یہ ہوا کہ ان کو نوٹسز دیئے گئے اور میرے خیال میں منسٹر صاحب سے پوچھونگا کہ اس ایجنسی کا کیا ہوا، EPA کا، کیا وہ ابھی بھی موجود ہے یا ان تمام کے کنٹریکٹس ختم کرکے ان کو فارغ کیا گیا؟ یہ ان کا کام ہے۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب! اس کے ساتھ وہ Related نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: یہ ان کا کام تھا۔

جناب سپیکر: نہیں، ان کا کام ہے لیکن 'پراپر' تیاری کے ساتھ آنا پڑتا ہے نا، یہاں پر جواب دینے کیلئے پراپر تیاری کرنی پڑے گی تو میں صرف میڈم کو کہونگا کہ نلوٹھا صاحب کی جو بات ہے، آپ اس کو Respond کریں۔ اچھا جی، آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: سر، یہ فورتھ نمبر پوائنٹ ہے: خیبر پختونخوا میں تلف پذیر پلاسٹک بیگز کو متعارف کرانا، تو یہ کہاں کرائے گئے ہیں؟ اس کا میں جواب چاہتی ہوں۔ اگر کرائے گئے ہیں تو ہمارے علم میں لایا جائے، اگر نہیں کرائے گئے تو پلیز عنقریب کرایا جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: جناب سپیکر، میں سب سے پہلے تو معزز رکن کی شکر گزار ہوں کہ وہ اس سوال سے مکمل طور پر مطمئن ہیں، ان کی خوشی کیلئے یہ بھی کہوں کہ وزیر کا تعلق بھی ہزارہ سے ہے اور ان شااللہ پارلیمانی سیکرٹری کا تعلق بھی ہزارہ سے ہے (تالیاں) تو اس لئے آپ بالکل فکر نہ کریں، ہزارہ کے جو Interests ہیں، اس کو باقی صوبے کی طرح مکمل طور پر Defend کرینگے، بالکل آپ جب بھی کہیں، یہ سیمینار ہم ڈویژن ہیڈ کوارٹر ایبٹ آباد میں یا کسی اور علاقے میں منعقد کرنے کیلئے بالکل ہمہ وقت تیار ہیں۔ جو ماحولیات کے حوالے سے دن آرہے ہیں Important، وہ تو اب 21 اپریل کو آپ کا Earth Day ہوگا یا آپ کے Environment Day جون میں ہوتا ہے، 22 مئی کو آپکا Bio Daiversty Day ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی Awirness Compaign کیلئے ہر وقت جب بھی معزز رکن Suggest کرینگے، یہ سیمینار ان شاءاللہ تعالیٰ ہم کرائیں گے۔ جہاں تک تعلق ہمارے معزز فاضل رکن جعفر شاہ صاحب کا، تو EPA بالکل موجود ہے اور اس کے جو علاقائی دفاتر ہیں، ان کی سمری ہم نے اس کیلئے وزیر اعلیٰ کو بھجوائی ہوئی ہے، آپ یہ بھی جانتے ہونگے کہ اس سے پہلے Environmental Protection Agency, Pakistan Environmental Protection Act, 1997 کے تحت چل رہی تھی، اٹھارہویں ترمیم کے بعد اب یہ صوبے کے پاس ہے، اس کی ہم لیجسلیشن کر رہے ہیں، ڈرافٹ بل Already submite ہوگیا ہے، وزارت قانون کے پاس ہے اور ان شاءاللہ تعالیٰ بہت جلدی اس پر عمل پیرا ہو کے آپ کی اپنی جو ایجنسی ہے، مکمل طور پر تمام جتنی Aspects ہیں انوائرنمنٹ کے حوالے سے، وہ ہم Cover کر رہے ہیں۔ آپ کے جاننے کیلئے میں یہ بھی بتاؤں کہ EPA کے حوالے سے ہمارا جو ایک Multinational agreement ہے، NEA، National Environment Agreement جس کی گورنمنٹ آف پاکستان Signatory ہے، اس پر عمل درآمد کرنے کیلئے تاکہ جو جو حکومت پاکستان نے Comit کیا ہے، اس کے اوپر عمل درآمد میں اپنا حصہ ڈالنے کیلئے ہم یہاں پر ایک Cell ان شاءاللہ اس سال جو ہے، کرنٹ پروگرام میں ہم نے تجویز کیا ہے، وہ ہم ڈالیں گے، وہ ہم بنائیں گے تاکہ ہم اس کو باقاعدہ Gauge کریں اور یہ صرف کتابوں میں لکھی بات نہ ہو، چونکہ ماحولیات ہم سب

کیلئے ہمارے آنے والی نسلوں کیلئےانتہائی اہم ہم سمجھتے ہیں کہ اس سے Economy, social development، یہ تمام چیزیںCoverہوتی ہیں۔ جہاں تکBiodegradable bagsہیں، میں اپنے ممبر کو یہ بتاؤں کہ اس پر کام شروع ہو گیاہے،اس کیلئے بھی ہم نے مختلفSamplingکی ہےاوران شااللہ یہBags جلد ہم اس کو متعارف بھی کرینگے اور عوام الناس تک لیکر جائیں گے۔ یہ پروگرام جو ہے، پراجیکٹ ہے، اگر آپ اس میں مزید ڈیٹیل جاننا چاہتے ہیں تواس کے متعلق ہم یا محکمہ آپ کو بریف بھی کرسکتاہے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: دیکھو جی،اس کے مطابق جائیں گے۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر! ایک منٹ، میں سمجھ رہاہوں کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں یہ سمجھ رہاہوں کہ یہ وزیر اور وزیرنی دونوں کا تعلق ہزارہ ڈویژن سے ہے تو ہمارا بہت استحصال ہوا ہے، یہ دوسرے اضلاع کا، یہی بس آپ کے نوٹس میں لاناتھا۔

(ہنسی)

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر341،جناب سرداراورنگزیب نلوٹھاصاحب۔

* 341 _ سرداراورنگزیب نلوٹھا: کیاوزیرایکسائزاینڈ ٹیکسیشن ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ غیر قانونی گاڑیاں امانتاً تحویل میں لیتاہےاور عدالتی فیصلے میں غیر قانونی قرار دینے کے بعدان گاڑیوں کونیلام یاسپرداری پر دیتاہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(1) گزشتہ چار سالوں کے دوران کتنی گاڑیاں تحویل میں لی گئی ہیں،ان کی قسم،ماڈل،تاریخ تحویل اور کس کے زیر استعمال ہے، کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(2) حکومت غیر متعلقہ افراد کو گاڑی دینے،امانت میں خیانت کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرنے کاارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

میاں جمشید الدین (مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن): (الف) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن گاڑیوں کو خود نیلام نہیں کرتا بلکہ ضبط شدہ گاڑیوں کو نیلام کرنے کیلئے محکمہ انتظامیہ کے سپرد کرتا ہے۔ محکمہ ہذا کے پاس سپرداری کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

(ب) (1) گزشتہ چار سالوں کے دوران محکمہ ہذا نے 685 گاڑیاں پکڑیں جو کہ مختلف ماڈل کی ہیں۔ ارکان اسمبلی میں کوئی معزز رکن اسمبلی اگر تفصیل ملاحظہ کرنا چاہتا ہے تو پوری تفصیل Excise Warehouse میں موجود ہے۔

(2) الاٹ شدہ گاڑیوں کے حوالے سے کیس پشاور ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے اور عدالت عالیہ کے حکم پر 62 گاڑیاں غیر متعلقہ افراد سے واپس کر کے Excise Warehouse میں کھڑی کی گئی ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ اس میں جو جواب دیا گیا ہے، یہ بالکل مکمل نہیں ہے اور حقیقت کو چھپایا گیا ہے۔ تو اس میں دو چیزیں انہوں نے جواب میں لکھی ہیں کہ محکمہ ہذا نے 685 گاڑیاں پکڑی ہیں جو کہ مختلف ماڈل کی ہیں، ارکان اسمبلی میں کوئی معزز رکن اسمبلی اگر تفصیل ملاحظ کرنا چاہتا ہے تو پوری تفصیل Excise Warehouse میں موجود ہے جبکہ میں نے سوال میں ان سے تفصیل مانگی تھی تو انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ میں نے ان سے کہا تھا کہ یہ جو گاڑیاں ہیں، یہ امانت کے طور پر ہیں اور اس میں خیانت کرنا محکمے کے اہلکاروں کو حق نہیں پہنچتا ہے، تو انہوں نے کہا ہے کہ جی بعض گاڑیاں چند لوگوں کے استعمال میں تھیں، عدالت کے حکم پر وہ متعلقہ افراد سے واپس لی گئی ہیں۔ تو یہ نہیں بتایا گیا کہ متعلقہ افراد کون تھے جو ان گاڑیوں کو استعمال کر رہے تھے اور کتنا عرصہ انہوں نے استعمال کی ہیں؟ تو میں یہ گزارش کرونگا جناب سپیکر صاحب! کہ ـــــ

جناب سپیکر: میں سردار صاحب! آپ سے ریکویسٹ ایک دفعہ پھر کرونگا کہ آپ اپنا کوسچن ایک دفعہ پھر دہرائیں تاکہ جو ہمارا Concerned Minister ہیں، وہ Proper سمجھ لیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، میری یہ گزارش ہے کہ آپ ایک کمیٹی تشکیل دیں، بالکل میرا نام اس کمیٹی میں نہ ہو گا۔

جناب سپیکر: یہ ایک دفعہ پھر دہرائیں جو آپ کہنا چاہتے ہیں، ایک دفعہ پھر دہرائیں۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: میں دوبارہ لے آؤنگااور میری یہ گزارش ہوگی جی کہ میرا کوئسچن ہے، اگر آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دہرائیں۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: ابھی دہراؤں؟

جناب سپیکر: جی جی۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: جی میں نے یہ سوال جناب، جو پوچھا تھاان سے کہ گزشتہ چار سالوں کے دوران کتنی گاڑیاں تحویل میں لی گئی ہیں، ان کی قسم، ماڈل، تاریخ تحویل اور کس کے زیر استعمال ہیں، ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ تو انہوں نے جو جواب دیا ہے جی، گزشتہ چار سالوں کی دوران محکمہ ہذا نے 685 گاڑیاں پکڑی ہیں جو کہ مختلف ماڈل کی ہیں، ارکان اسمبلی میں کوئی معزز رکن اسمبلی اگر تفصیل ملاحظہ کرنا چاہتا ہے تو پوری تفصیل Excise Warehouse میں موجود ہے، یعنی سوال کے جواب میں تفصیل دینا انہوں نے گوارا نہ کی اور کہا کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: کوئی ارکان اسمبلی اگر تفصیل دیکھنا چاہتا ہے تو Warehouse میں چلا جائے تو یہ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ممبران اسمبلی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! آپ کو بات کی سمجھ آگئی؟ میں تھوڑا اس کو، ایک تو یہ ہے کہ کوئسچن میں تفصیلی جواب نہیں ہے۔

مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن: بالکل جی۔

جناب سپیکر: آپ کا جو ڈیپارٹمنٹ انچارج ہے، ایک سیکرٹری ہے، جو بھی ہے اس کو بالکل کلیئر کٹ بتائیں کہ جو اسمبلی سے کوئسچن آئے اس کو Properly handle کریں اور Proper جواب دیں۔

مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسشن: ان شاءاللہ آئندہ ایسا نہیں ہو گا جی۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: Warehouse کی جو انہوں نے بات کی ہے، مہربانی کرکے آپ ایک کمیٹی تشکیل دیں جو Warehouse کا ویزٹ کرے اور نیا کوئسچن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں آپ سے ریکویسٹ کرونگا نلوٹھا صاحب! Basically ان شاءاللہ تعالیٰ یہ کوشش کریگا، اس دفعہ تھوڑا گزارہ کرلیں، گزارہ کرلیں تھوڑا۔ (شور) سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، ډیپارټمنټ سره Related یوه ډیره زیاته اهم خبره ده او میاں صاحب که توجه وکړی، غالباً میاں په نالج کښې هم راوستل غواړم او بیا د حکومت په نالج کښې هم راوستل غواړم۔ د ډیرو ورځو نه پنجاب ته چې زمونږ د صوبې چې څومره هم ګاډی ځی، د پیښور نمبر وی یا زمونږ د دې صوبې د نورواضلاع نمبر وی نوزما به خواست وی حکومت ته چې هغه ګاډی چې دی، په پنجاب کښې ټریفک والا او هغه پولیس ئے ډیر زیات تنګوی او بغیر د څه وجې نه ئے تنګوی، نو زما به حکومت ته داخواست وی چې دا ډیره زیاته سنجیده مسئله ده، که دا د پنجاب حکومت سره Take up کړی نوزما یقین دا دے چې ډیره زیاته اسانتیا به شی او معلومه دا شوه چې هلته زمونږه کوم ګاډی ځی، د هغوی ګناه صرف دا وی چې د هغوی نمبر زمونږ د صوبې وی یاد پیښور وی یاد چارسدې نمبر وی یا د نوښار نمبر وی، د دې صوبې نمبر وی نو زما به میاں صاحب ته خصوصی دا درخواست وی چې د پنجاب حکومت سره دا خبره Take up کړی نو ډیره زیاته مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: اسرار گنڈاپور صاحب، چونکہ آپ Legal Expert ہیں تو آپ اس حوالے سے Comments کریں کہ جو کہتے ہیں کہ ہماری گاڑیاں ادھر جاتی ہیں، اس کے بارے میں۔۔۔۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): بالکل جو انہوں نے کہا ہے، اگر اس طریقے سے کوئی Discrimination ہو رہی ہے جو کہ یقیناً جیسا کہ آنریبل ممبر صاحب کہہ رہے ہیں، ان کے نوٹس میں ہوگی تو بالکل محکمہ بھی اس کا نوٹس لے گا اور اگر ضرورت محسوس کی گئی تو اسمیں ہم ریزیلوشن بھی لا سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 341 تو ہو گیا نا جی۔ ہاں جی، کوئسچن نمبر 357: مفتی سید جانان صاحب۔

* 357 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2008 تک صوبے کے مختلف اضلاع میں پٹواری بھرتی کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سالوں کے دوران جن جن اضلاع میں پٹواری بھرتی کئے گئے ہیں، ان کے نام، کاغذات، ٹیسٹ وانٹرویو بمعہ میرٹ لسٹ کی کاپی ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب علی امین گنڈاپور (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 2008 سے سال 2012 تک صوبہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں جو پٹواری بھرتی کئے گئے ہیں ان کی تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی۔

مفتی سید جانان: زه خو جی دا گزارش کوم چې دا کومه محکمه وی، دا د ایوان استحقاق مجروح کوی هغه ځکه پرون نه هغه بله ورځ د سوالونو په اخره کښې لیکلی وو چې "جواب دینا حکومت کا کام ہے، ہمارا نہیں ہے" په ایجنډې باندې به موجود وی، بیا نن نلوټها صاحب په سوال کښې وائی چې ممبر د هلته لاړ شی، دغه د وگوری او ما جی چې کوم سوال کړے دے، په دغه سوال کښې ما نام، پته او د ټیسټ او دانټرویو کاغذات، میرټ لسټ او دا مې سیریل وائز غوښتی دی۔ که تاسو جی دا سوال وگورئ په دیکښې صرف نومونه ماته راکړی دی۔ آیا دا ممبران به کوم ځائے ته ځی، دا به چا ته وائی او مطلب دا دے زه به تپوس د یو شی کوم او ما ته به جواب د بل شی ملاویږی؟ او سپیکر صاحب! زما به تاسو ته دا گزارش وی چې دا د حکومت اولنے وخت دے، که دا حکومت داسې دا محکمې غیر ذمه دارانه رویه اختیار وی، دا زمونږ لا سل ورځې نه دی مکمل شوی، دا به مونږه پینځه کاله تیروؤ، بیا به دا محکمې زمونږ سره څه کوی؟ زما به تاسو ته دا گزارش وی چې دا کومې محکمې دا سوال رالیږلے دے، دا غیر مکمل دے او د دغه محکمې د ذمه دار خلاف د کارروائی وکړې شی او دا سوال مکمل نه دے او آئنده د دا نوټس ورکړے شی چې داسې غیر ذمه دارانه رویه د نه اختیاروی۔

جناب سپیکر: دا بالکل دا تاسو چې کومه نکته وچته کړې ده۔ علی امین صاحب!

(مداخلت) نہیں، آپ جواب دیں لیکن یہ دیکھیں کہ یہ کوئی جواب نہیں ہے۔

جناب علی امین گنڈاپور (وزیر مال): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ہں جی، ایک منٹ جی، مجھے چھوڑیں، مجھے چھوڑیں۔ جواب اس طرح نہیں ہے نا علی امین! جو بھی جواب دے، میں نے خود دیکھا ہے، ہم تو کوئی وہ اندھے نہیں ہیں نا، جو کوئی بھی جواب دے، Proper detail سے دے اور یہ اسمبلی کے ڈیکورم کا خیال رکھیں، بات کریں۔

سید محمد علی شاہ باچا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، محمد علی شاہ باچا۔

وزیر مال: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: محمد علی شاہ صاحب کے بعد آپ بات کر لیں۔

سید محمد علی شاہ باچا: دا جی دیکبنې دا سیریل نمبر 12 که تاسو وګورئ، د سټرکټ چترال جی، دیکبنې لیکلی دی: چونکہ چترال غیر بندوبستی علاقہ ہے، سال 2008 سے 2012 تک کوئی پٹواری نہیں بھرتی کئے گئے ہیں۔ او بیا سیریل نمبر 24 ته راشئ، ملاکنډ جی، زمونږ ضلع هم غیر بندوبستی ده خو دیکبنې کم از کم دس پټواریان بهرتی شوی دی نو چې هغې کبنې نه بهرتی کیږی نو دیکبنې ولې بهرتی شوی دی جی؟

جناب سپیکر: علی امین صاحب۔

جناب علی امین گنڈا پور (وزیر مال): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ تھینک یو، سپیکر۔ جہاں تک انہوں نے بات کی ہے، ہمارے معزز رکن نے غیر ذمہ داری کی، اس جواب میں کوئی بھی غیر ذمہ داری نہیں ہے کیونکہ انہوں نے جو پوچھا ہے پٹواریوں کی میرٹ لسٹ کے حوالے سے اور ان کی بھرتی یا ٹیسٹ اور انٹرویو کے حوالے سے، تو یہ پالیسی نہ میں نے بنائی ہے اور نہ اس محکمے نے، یہ بہت پہلے سے چل رہی ہے کہ پٹواری جب اپنا کورس کر لیتے ہیں، اس کورس کو کرنے کے بعد وہیں پہ ان کی میرٹ لسٹ بنتی ہے، اپنے نمبروں کے حساب سے اور اس کے بعد ٹیسٹ اور انٹرویو کی اس لسٹ کی بجائے ڈائریکٹ ہی ضلع کے حساب سے بھرتی ہو جاتی ہے۔ تو اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ نظام غلط ہے اور غلط پہلے سے آرہا ہے تو یہ بہت بڑا کورم ہے، یہاں پہ آپ اس کو اٹھا لیں، اس سسٹم کو آپ Change کر لیں، مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے اور باقی جو آپ نے تفصیل مانگی تھی، وہ تفصیل اس لئے یہاں پہ موجود ہو ہی نہیں سکتی ہے اور جہاں تک ان کے ایڈریس کا تعلق ہے تو چونکہ اتنے کم ٹائم میں تمام ڈپٹی کمشنرز سے رابطہ کر کے ان سے لینا Possible نہیں ہو گا تو ان شاء اللہ

ہمارے بھائی ہیں، ہمارے معزز ہیں، ہم معافی بھی مانگتے ہیں ان سے، اگر ہم سے کوئی کوتاہی ہوئی ہے، غلطی ہوئی ہے، تو آپ کو وہ مل جائیں گے ان شاءاللہ۔

مفتی سید جانان: خو زه جی دا خبره کوم چې اخر مطلب دا دے خلق وائی چې "وهم د کوم ځائے او ډب د کوم ځائے کېنې خېژی" جی، ما جی سوال کېنې اسانه خبره غوښتې ده، نوم، کاغذات، ټیسټ او انټرویو، میرټ لسټ. مخکښې جی دې اسمبلی کښې دا دستور چلیدلے دے، که یو شے به مطلب دا دے د ډیر حجم وو، ډیر کاغذونه به وو، نه به شو راوړلے، بیا به تاسو ته کیښودل او سیکرټری صاحب ته به کیښودل او منسټر صاحب ته به کیښودل، د یو درې کسانو مخې ته به کیښودل چې دا ټولې اسمبلۍ ته مونږ نه شو ورکولے، په دې خرچه راځی خو دغه کسانو ته خو ته هم ورکړے دے جی کنه، ما ته نه دے ملاؤ، تاسو ته نه دے ملاؤ، سیکرټری صاحب ته نه دے ملاؤ، منسټر صاحب سره نشته دے، کوم ځائے ته به مونږ جی ځو، چا ته به وایو، زما به دا ګزارش وی، دا غیر ذمه دارانه رویه ده جی، دا د کمیټۍ ته لاړشی یا تاسو Direction وکړئ چې چا غفلت کړے دے مطلب دا دے د هغوی خلاف د کارروائی وشی۔

جناب سپیکر: بالکل زه یو ریکوسټ کوم ټول Concerned Ministers ته چې دا اسمبلی زمونږ د پاره ډیر محترم ده او دلته چې کومه قانون سازی کیږی یا دلته د معزز ممبران کوم ډیمانډ وی معلوماتو حوالې سره، نو پکار ده چې د هغې Proper information راځی، نو مهربانی کوئ چې Proper تیاری کوئ او خاصکر دا د منسټر Responsibility ده چې هغه د اسمبلۍ په فلور باندې چې څه ډیمانډ شوے وی، د هغې مطابق جواب ورکړی۔ علی امین صاحب! آپ، یہ محمد علی شاہ باچا! آپ پھر کو سپیکن اپنا کر لیں تاکہ ان کو Remind ہو جائے۔ یہ کھول لیں، اپنا ساؤنڈ سسٹم۔

سید محمد علی شاہ باچا: انہوں نے چترال کا دیا ہے کہ چونکہ چترال غیر بندوبستی علاقہ ہے اور سن 2008 سے 2012 تک کوئی پٹواری بھرتی نہیں ہوا۔ غیر بندوبستی علاقه زمونږه ملاکنډ هم ده جی، اور اس میں کوئی دس پٹواری جو لسٹ میں ہیں، دس پٹواری بھرتی کئے گئے ہیں، نو یو علاقه غیر

بندوبستی علاقه ده، هغې کښې یو هم نه کیږی او بله غیر بندوبستی علاقه،اس میں دس بندے بھرتی ہوئے ہیں۔

جناب حبیب الرحمان خان(زکواۃ وعشر): جناب، زه جواب د رکوم جی۔

جناب سپیکر: یہ ان کے ڈیپارٹمنٹ کا ہے نا، یہ جواب دیدیں گے۔ چلو پہلے یہ بات کر لیں، پھر آپ وضاحت کر لیں۔ یہ Concerned Minister ہیں، ابھی وضاحت کرتے ہیں، اگر کوئی رہ جائے تو۔۔۔

وزیر برائے زکواۃ وعشر: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔۔۔۔۔

وزیر مال: پہلے میں دیدوں، پھر آپ دیدیں۔

وزیر برائے زکواۃ وعشر: میں جواب دیتا ہوں لیکن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: علی امین صاحب، علی امین صاحب، علی امین صاحب! جواب دیں۔

وزیر مال: جہاں تک ان کے پہلے سوال کا تعلق ہے تو دوبارہ میں وضاحت کرتا ہوں کہ جو غلطی رہ گئی ہے، وہ ان شاءاللہ تعالیٰ پوری کریں گے ہم اور ان شاءاللہ آپ کو مزید بھی تفصیل سے ملے گا دوبارہ اور جہاں تک اس بھائی نے کہا ہے۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک کام کریں، اس طرح ہے کہ آپ مفتی جانان صاحب اور محترم محمد علی شاہ باچا کے پاس اس کے بعد بیٹھ جائیں اور ان کو مطمئن کریں۔

وزیر مال: توجوان کا سوال ہے سر، اس کے حوالے سے۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: Okay، آئندہ کیلئے آپ۔۔۔۔۔

وزیر مال: اور آپ کا جو سوال ابھی آیا ہے، آپ اس کو باقاعدہ سوال بنا کر دیدیں، ڈیٹیل آپ کو مل جائے گی۔

جناب سپیکر: یہ کہتے ہیں کہ آپ مجھ سے اس کے بعد مل لیں تاکہ میں مطمئن کروں آپ کو۔

(قطع کلامیاں)

سید محمد علی شاہ باچا: سر، یو علاقه کبنې بندوبست نشته هغې کبنې پټوا ریان نه بهرتی کیږی او بله علاقه کبنې پټواریان، دا خو کلیئر کټ، اس میں کوئی نئے کوئسچن کی تو بات ہی نہیں ہے۔

وزیر مال: تو میرے بھائی، سن تو لیں بھائی، میں نے یہ کہا ہے کہ ایک سوال تھا، اس کا انہوں نے کہا کہ Incomplete ہے ابھی تک، مکمل نہیں ہے، اس کو بھی پورا کر دیں گے۔

سید محمد علی شاہ باچا: یہ تو Simple-----

وزیر مال: اس کا نکتہ آپ نے نکالا ہے بیچ میں، ایک اور نکتہ، ملاکنڈ میں بھرتی میں نے نہیں کی تھی، میں چیک کر لوں گا، آپ دوبارہ سوال بھی کر لیں گے، میں آپ کو مطمئن بھی کر دوں گا، نہ ہی بھرتی میں نے کی ہے میرے بھائی، سوال میں سوال نکال رہے ہو۔

جناب سپیکر: نہیں ایک منٹ، یہ چونکہ آپ کا ضمنی کوئسچن ہے، اس کے اندر تو نہیں ہے یہ کوئسچن نا؟

وزیر مال: نہیں ہے نا اس کے اندر، سر۔

جناب سپیکر: اگر اس کی کوئی تیاری نہیں ہے تو آپ اس کو ٹائم دیں، یہ آپ کو Explain کرے گا۔

سید محمد علی شاہ باچا: دیکبنې څه داسې دغه خبره خو به نه وی، Simple خبره ده، Simple جی۔ یو کبنې دا لیکلی دی کنه سپیکر صاحب، یو ځائے کبنې منسٹر----

وزیر مال: سپیکر صاحب! اس وقت میں منسٹر بھی نہیں تھا، پتہ کروں گا محکمے سے اور پھر جواب دوں گا۔

جناب سپیکر: ہاں ہاں۔

سید محمد علی شاہ باچا: جناب سپیکر، یو ځائے کبنې بندوبست نشته جی، هلته بهرتیانې نشته دی، په بل ځائے کبنې هم بندوبست نشته او هلته لس پټواریان بهرتی کوی، دا خو کلیئر کټ دغه دے چې ولې هلته بهرتی کړی دی؟

جناب سپیکر: اصل میں بات یہ ہے علی، میری بات سنیں، میں آپ کو جواب دیتا ہوں، آپ سنیں، اس کا یہ کوئسچن ہے کہ چونکہ ایک جگہ ایک طرح کرتے ہیں اور دوسری طرف وہی ہے تو کیوں چترال میں اس طرح ہوا ہے؟ اس کو Explain کریں۔

سید محمد علی شاہ باچا: دونوں علاقے غیر بندوبستی ہیں مگر ایک جگہ پر بھرتی ہو رہی ہے اور دوسری پہ نہیں ہو رہی، کیوں؟

وزیر مال: سر، یہ ایسا ہے سر، یہ 2009ء میں بھرتی ہوئے ہیں، 2010ء میں بھرتی ہوئے ہیں، اس وقت میں منسٹر نہیں تھا، آپ نے سوال کے اندر سے سوال نکالا ہے، میں چیک کر لوں گا کہ مالاکنڈ اگر اس طرح ہے، تو کیوں بھرتی ہوئی؟

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: مطلب ہے کہ ان کے پاس ابھی اس وقت انفارمیشن نہیں ہیں، انفارمیشن لیکر آپ کو جواب دیں گے۔ ارباب صاحب ابھی ہم آگے کی طرف جاتے ہیں، یہ کوسچن ختم ہو گیا۔ ابھی کچھ leave applications ہیں، یہ Leave applications کر لیتے ہیں، اس کے بعد آپ کو، ٹھیک ہے۔ یہ چند Leave applications ہیں، یہ ڈیکورم کا خیال رکھیں، مہربانی کریں دیکھیں، یہ ہمارا پشتو کا جرگہ ہے، ارباب صاحب بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں، آپ کو موقع دیں گے۔ نہیں آپ نے اگر کچھ پوچھنا ہے تو آپ باقاعدہ Written میں بھیج دیں، آپ بیٹھ جائیں نا جی، آپ بیٹھ جائیں۔

(قطع کلامیاں)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کیلئے درخواستیں ہیں۔ وہ 'کوسچنز آور' ختم ہو گیا جی۔ جناب شکیل احمد صاحب، سپیشل اسسٹنٹ 13-9-2013 کیلئے، محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، ایم پی اے 13-9-2013 کیلئے، جناب فضل کریم صاحب، ایم پی اے 13-9-2013 کیلئے، جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ، سینیئر منسٹر 13-9-2013 کیلئے۔ میں سب کی Applications اپنی اسمبلی کے سامنے رکھتا ہوں، چھٹی کیلئے۔

(تحریک منظور کی گئی)

مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Mr. Munawar Khan, Advocate, to please move his privilege motion No. 4, in the House.

جناب منور خان ایڈووکیٹ: تھینک یو، سر۔ سر، میں آپ کے توسط سے اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ڈی ای او، لکی مروت، تاج علی خان سے ایک ملاقات میں کلاس فور کے بارے میں میں نے پوچھا تو ڈی ای او صاحب نے میرے سوال کا جواب دینے کی بجائے نہایت گستاخانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے کہ میں یہاں تبلیغ کرنے کیلئے، جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا جی، اچھا۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: سوال کا جواب دینے کی بجائے نہایت گستاخانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے کہ میں یہاں تبلیغ کرنے کیلئے نہیں ہوں اور میں وہی کروں گا جو میری مرضی ہو گی، اگر میں غلط کام بھی کروں۔ تو سر، اس سلسلے میں آپ لوگوں کی حکومت میں ڈی ای او سے انفارمیشن اور اس قسم کا جواب گستاخانہ رویہ، تو کیا سر ایک ایم پی اے کا یہ بھی حق نہیں ہے کہ وہ ان سے یہ پوچھے کہ آپ نے جو بھرتیاں کی ہیں، یہ کیسے کی ہیں؟ تو جواب مجھے یہی ملتا ہے اور اس کا Behaviour سر، تو کم از کم سر میری ریکوسٹ ہے کہ سر یہ Concerned committee کو، استحقاق کمیٹی کے سپرد کی جائے تا کہ وہاں پہ اس کی Detailed report آجائے سر۔

جناب سپیکر: گنڈاپور صاحب۔

وزیر قانون: سر ہمارے آنریبل ممبر صاحب۔۔۔۔۔

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر، میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی، اس سے Related؟

وزیر قانون: سر، ان کی موشن ختم ہو جائے، پھر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس سے Related ہو ارباب صاحب، یہ چونکہ اس کی پریولج موشن ہے تو یہ اس کا جواب دے دیں، پھر آپ کو۔

ارباب اکبر حیات: سر، میں بھی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ کو موقع دیں گے، جتنا آپ بول سکتے ہیں بولیں گے، میں بھرپور موقع دوں گا، آج ہی دوں گا۔

وزیر قانون: سر، اس میں گزارش یہ ہے کہ آنریبل ممبر ہماری گزشتہ اسمبلی میں بھی ہمارے ساتھ پریویلج کمیٹی میں تھے، سر! یہ کس Rule کی اس نے خلاف ورزی کی گئی ہے کہ یہ اس پہ اتنے غصہ ہو رہے ہیں؟

جناب منور خان ایڈووکیٹ: رولز کی بات نہیں ہے سر، پریویلج موشن جب اس قسم کی آتی ہے تو یہ کلیئر کٹ، جب آفیسر کا Behaviour ایک ایم پی اے کے ساتھ اس طرح کا ہوتا ہے، میں سر یہی کوسچن آپ کے سامنے لا رہا ہوں کہ سر، ان کا Behaviour جو کہ ایک ایم پی اے کا پریویلج ہے کہ کم از کم ان کو صحیح طریقے سے جواب دے اور اس کا لہجہ جو میں سر آپ کو بتا رہا ہوں، اس لہجے کے خلاف کم از کم میں، یہ لاء منسٹر صاحب جو لاء کی بات کر رہے ہیں سر، اس قسم کی۔۔۔۔

وزیر قانون: سر، میرے لئے تو قابل احترام ہیں سر۔

جناب سپیکر: جو بھی جواب ہو، وہ جو بھی ہو لیکن Explain کرنا چاہیئے، مطمئن کرنا چاہیئے اور Proper information دینی چاہیئے، یہ اس کی Responsibility ہے۔

وزیر قانون: نہیں سر، میرے لئے قابل احترام ہیں، میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ استحقاق ایکٹ موجود ہے، اگر کسی کو ہم بلاتے ہیں تو استحقاق ایکٹ کے نیچے سزائیں ہوتی ہیں، میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ کس Rule کی خلاف ورزی، میرے لئے تو قابل احترام ہیں، اگر کہتے ہیں آنکھیں بند کر لیں تو میں بند کر لیتا ہوں۔ (قہقہے) ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جو Legal opinion رکھتے ہیں، اس پہ اپنا پوائنٹ دیدیں، کیا۔۔۔۔

جناب سردار حسین: بالکل دا خو مونږ اسرار خان چې دے هغه 'لاء ایکسپرټ' دے، زما دا خیال دے چې زمونږ معزز رکن وو، بیا د عمر په لحاظ باندې هم هغه مشر دے، که په دې هاؤس کښې هغه یو نکته دا سې راوړه چې یو افسر هغه سره Misbehave کړے دے نو که زه د اسرار خان نه دا تپوس وکړم چې د کوم Rule مطابق هغه دا Misbehave کړے دے نو بیا به ما له اسرار خان د دې خبرې جواب را کړی؟ زما یقین دا دے چې د دې د پاره۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں آپ سے ایک ریکوسٹ کرتا ہوں، آپ مجھے Legally بتائیں۔۔۔۔

جناب سردار حسین: نه سپیکر صاحب، دا خو نن یو مشر سره دا سې خبره وشوه په دې هاؤس کښې، سبا، نه جی نه-----

جناب سپیکر: میری بات سنیں، پھر آپ بات کر لیں نا جی، میں صرف اتنا کہتا ہوں کہ آپ مجھے بتائیں کہ ہمارے پاس کیا پریویلج ہے یا کس اس پہ کر سکتے ہیں؟ وہ مجھے آپ Explain کر لیں۔

جناب سردار حسین: زه جی دا نه وایم، زه جی دا نه وایم چې اوس دې حکومت پا څی او د هغه د Suspension وکړی یا د د هغه Termination وکړی خو که یو معزز ممبر یو خپله Plea د لته راوړی، یو خپل شکایت د لته راوړی او د حکومت د طرف نه دا سې جواب راځی نو زما یقین دا دے چې دا به د بنه ماحول د پاره بنه خبره نه وی-----

جناب سپیکر: میں تو آپ کو گارنٹی کرتا ہوں۔

جناب سرادار حسین: پکار دا دے چې دا Honour کوی او پریویلج کمیټۍ ته دا حواله شی۔

جناب سپیکر: میں تو آپ کو گارنٹی کرتا ہوں کہ میں کسی بھی اپنے معزز ممبر کے بارے میں کوئی Compromise نہیں کروں گا، میں صرف آپ سے Technically advice چاہتا ہوں کہ اس سے کیا؟ میں مشتاق غنی صاحب سے، چونکہ اس کے ساتھ ایک Relation ہے تو اس پہ آپ Comments کریں، پھر آگے ہم-----

جناب مشتاق احمد غنی: جیسے ہمارے محترم رکن نے بات کی ہے، پریویلج موشن میں چونکہ انہوں نے ایک آفیسر سے کوئی انفارمیشن طلب کی ہے اور یہ اس کے Behaviour کے اوپر بات کر رہے ہیں جس سے ان کی Insult ہوئی ہے، توہین ہوئی ہے اور اگر کوئی بھی آنریبل ممبر کسی بھی آفیسر کے پاس جاتا ہے، کسی کام کیلئے اور اس سے کوئی انفارمیشن لیتا ہے یا کوئی اس کا اپنا Public interest کا کوئی کام کروا رہا ہوتا ہے تو اس میں اگر Officer concerned کا Behaviour، یہ ایک مثال نہیں، ایسی اور بھی کئی مثالیں ہیں، شاید لوگ یہاں پہ پریویلج لا نہیں رہے لیکن اگر کوئی آفیسر کسی ممبر کا استحقاق مجروح کرتا ہے تو وہ اس ایوان میں اپنی پریویلج موشن لا سکتا ہے اور یہ آپ کی Discretion ہے اور Normally یہی ہوتا ہے کہ اس کو پریویلج کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر: میں ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Is the desire of the House that the privilege motion No. 4, moved by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

